دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، جون 2024

PhD (Urdu) Entrance Test Question Paper, June 2024

Booklet Serial No.

For Office Use

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 70

---

For Office Use


مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

پی ایچ ڈی (اردو)

انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، جون 2024

PhD (Urdu) Entrance Test Question Paper, June 2024


## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (8) صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔ حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچہ دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔ حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لے جاسکتے ہیں۔

## حصہ اول (Part - A)

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1. تتمہ کسے کہتے ہیں؟

(A) کتاب کا پیش لفظ
(B) کتاب کا خاکہ
(C) کتاب کی آرائش
(D) کتاب مکمل ہو جانے کے بعد کسی اور جزو کا اضافہ

2. تبئیض کیا ہے؟

(A) مسودہ تیار کرنا
(B) مسودے کا پروف پڑھنا
(C) مسودے کو صاف کر کے نقل کرنا
(D) مسودے کی نقل تیار کرنا

3. مخطوطہ کسے کہتے ہیں؟

(A) قلمی و غیر مطبوعہ نسخہ
(B) مصنف کا خط
(C) چھپا ہوا نسخہ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

4. ناقص الاول کا مطلب ہے

(A) وہ کتاب جس کے حروف مٹے ہوئے ہوں
(B) وہ کتاب جس کے شروع کے اوراق نہ ہوں
(C) وہ کتاب جس کے آخر کے اوراق نہ ہوں
(D) وہ کتاب جو پوری طرح ناقص ہو

5. کسی کتاب کے متن کے بعد دیا جانے والا اضافی حصہ کیا کہلاتا ہے؟

(A) اشاریہ
(B) ضمیمہ
(C) توقیف
(D) تنشیر

6 قدیم زمانے میں مخطوطات میں صفحہ نمبر ڈالنے کی بجائے دائیں ہاتھ کے صفحے کے نیچے بائیں کونے میں اگلے صفحے کی ابتدا کے ایک دو الفاظ لکھ دیے جاتے تھے۔ انھیں..........کہا جاتا ہے۔

(A) تمسیخ
(B) انتحال
(C) ترک
(D) ترتیب

7. تخلیق کا وہ حصہ جسے مصنف نے خارج کر دیا ہو اسے کیا کہا جاتا ہے؟

(A) اختلاف نسخ
(B) مخلوط
(C) منسوخ
(D) ناقص

8. مخطوطے کے آخر میں کاتب کی اختتامیہ عبارت جس میں اس کا نام، مصنف کا نام، سنہ تصنیف وکتابت وغیرہ درج کیا جاتا تھا اسے..........کہا جاتا ہے۔

(A) ترقیمہ
(B) توقیت
(C) راوی
(D) حوض

9. تنقید متن ایک ایسا عمل ہے جس میں

(A) کسی شاعر یا ادیب کی زندگی کے اہم واقعات سنہ اور تاریخ کے لحاظ سے درج کیے جاتے ہیں
(B) متن پر تبصرہ کیا جاتا ہے
(C) مختلف متون میں سے مناسب ترین متن کا انتخاب کیا جاتا ہے
(D) متن کا تنقیدی جائزہ لیا جاتا ہے

10. اساسی نسخہ کسے کہا جاتا ہے؟

(A) مصنف کی زندگی میں تیار ہونے والا پہلا نسخہ
(B) مصنف کی زندگی میں تیار ہونے والا آخری نسخہ
(C) وہ نسخہ جو دو یا تین نسخوں سے ملا کر تیار کیا گیا ہو
(D) وہ نسخہ جس کی بنیاد پر متن کی تدوین کی جائے

11. مندرجہ ذیل میں سے تحقیق کا مقصد کیا ہے؟

(A) غیر موجود حقائق کی دریافت
(B) موجود حقائق کا دوبارہ جائزہ
(C) A اور B دونوں صحیح
(D) A اور B دونوں غلط

12. تصحیف کیا ہے؟

(A) جس متن میں کسی نے دانستہ کوئی تبدیلی کی ہو
(B) جس متن میں مصنف نے تبدیلی کی ہو
(C) جس متن میں کوئی تبدیلی نہ ہوئی ہو
(D) مذہبی صحیفوں کی تدوین

13. الحاقی کلام کسے کہتے ہیں؟

(A) کسی شاعر کے کلام میں دوسرے کا کلام شامل ہو جانا
(B) کسی شاعر کے کلام میں غلطیوں کا در آنا
(C) کلام میں کچھ حصہ چھوٹ جانا
(D) کلام میں اصلاح

14. قطب مشتری کا سنہ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1015 ہجری
(B) 1018 ہجری
(C) 1035 ہجری
(D) 1048 ہجری

15. کس کی تحقیق کے مطابق اردو کا پہلا نثری ڈراما ''علی بابا چالیس چور'' ہے؟

(A) شاہد حسین
(B) مسعود حسن رضوی ادیب
(C) عشرت رحمانی
(D) محمد افضل الدین اقبال

16. نسخۂ حمیدیہ پر مبنی دیوان غالب کی تدوین کس نے کی؟

(A) امتیاز علی خاں عرشی
(B) مالک رام
(C) عبدالرحمٰن بجنوری
(D) عبادت بریلوی

17. ذکر میر کے مطابق میر کا اصل نام کیا ہے؟

(A) میر تقی
(B) محمد متقی
(C) محمد تقی
(D) تقی احمد

18. ''دریائے لطافت'' کے مرتب کون ہیں؟

(A) عبدالقادر سروری
(B) عبدالحق
(C) نثار احمد فاروقی
(D) عندلیب شادانی

19. ''اردو ڈراما اور اسٹیج'' کس کا تحقیقی کارنامہ ہے؟

(A) محمد عمر نور الٰہی
(B) حکیم احمد شجاع
(C) مسعود حسن رضوی ادیب
(D) حبیب تنویر

20. مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب قاضی عبدالودود کی نہیں ہے؟

(A) تذکرۂ ماہ و سال
(B) اشتر و سوزن
(C) عیارستان
(D) تذکرۂ شعرا

21. کس محقق نے ثابت کیا کہ ''معراج العاشقین'' بندہ نواز گیسو دراز کی نہیں بلکہ مخدوم شاہ حسینی کی تصنیف ہے؟

(A) حفیظ قتیل
(B) محی الدین قادری زور
(C) سیدہ جعفر
(D) محمد علی اثر

22. اردو تحقیق کا معلم اول کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

(A) مولانا امتیاز علی خاں عرشی
(B) حافظ محمود شیرانی
(C) قاضی عبدالودود
(D) رشید حسن خاں

23. کلیات سلطان محمد قلی قطب شاہ کے مدون مندرجہ ذیل میں سے کون ہیں؟

(A) محی الدین قادری زور
(B) نصیرالدین ہاشمی
(C) نورالحسن ہاشمی
(D) جمیل جالبی

24. شیر علی افسوس نے گلستان سعدی کا ترجمہ کس نام سے کیا؟

(A) آرائش محفل
(B) چمنستان
(C) بہاراردو
(D) باغ اردو

25. 'ایم ایل اے اسٹائل شیٹ' سب سے پہلے کس نے تیار کیا اور پبلی کیشن آف ماڈرن لینگو یج اسوسی ایشن کے رسالے میں شائع کیا؟

(A) مارشل جے براؤن
(B) b جوزف جبالڈی
(C) ولیم رِلے پارکر
(D) جوئل ڈی گولڈ فیلڈ

## Section -II (Subject Concerned) Urdu **اردو**

26. مندرجہ ذیل میں کس شاعر نے ''درشرح شعر گوید'' کے زیرعنوان اچھی شاعری کے گر بتائے ہیں؟

(A) غواصی
(B) وجہی
(C) حالی
(D) شبلی

27. شعرا کے سنہ پیدائش کے اعتبار سے مندرجہ ذیل میں سے کون سی ترتیب صحیح ہے؟

(A) حاتم۔مرزا سودا۔خواجہ میر درد۔محمد تقی میر
(B) محمد تقی میر۔حاتم۔خواجہ میر درد۔مرزا سودا
(C) مرزا سودا۔محمد تقی میر۔خواجہ میر درد۔حاتم
(D) خواجہ میر درد۔مرزا سودا۔حاتم۔محمد تقی میر

28. ''کتاب نورس'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) امیر خسرو
(B) قلی قطب شاہ
(C) واجد علی شاہ اختر
(D) علی عادل شاہ ثانی

29. مندرجہ ذیل شعر کس کا ہے؟

یہ حسرت رہ گئی کیا کیا مزے سے زندگی کرتے
اگر ہوتا چمن اپنا، گل اپنا، باغباں اپنا

(A) حسرت موہانی
(B) جگر مرادآبادی
(C) مظہر جان جاناں
(D) قتیل شفائی

30. ''ہجو کہتے وقت وہ اپنے قلم کی نوک زہر میں بجھا لیتے تھے اور نظموں سے آگ کی لپٹیں نکلنے لگتی تھیں۔'' احتشام حسین نے کس شاعر کے بارے میں یہ بات لکھی ہے؟

(A) جعفر زٹلی (B) میر

(C) سودا (D) انشا

31. نجم النسا کا کردار کس مثنوی میں ملتا ہے؟

(A) خواب وخیال (B) بوستانِ خیال

(C) سحرالبیان (D) زہرعشق

32. ''کربل کتھا'' کے مصنف کا نام بتائیے۔

(A) فضل علی فضلی (B) رستمی

(C) نظامی (D) عطا حسین تحسین

33. ریختی کا موجد کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

(A) انشاءاللہ خاں انشا (B) سعادت یار خاں رنگین

(C) قلندر بخش جرأت (D) ہاشمی بیجاپوری

34. مثنوی ''علی نامہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) ہاشمی بیجاپوری (B) محمود بیدری

(C) نصرتی (D) علی عادل شاہ ثانی

35. ''مسرت سے بصیرت تک'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) احتشام حسین (B) اعجاز حسین

(C) آل احمد سرور (D) اختر حسین رائے پوری

36. ''نصیر اور خدیجہ'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) مجنوں گورکھ پوری (B) سجاد حیدر یلدرم

(C) سلطان حیدر جوش (D) راشد الخیری

37. مندرجہ ذیل میں کسے اودھ کے بادشاہ غازی الدین حیدر نے ناراض ہو کر لکھنؤ بدر کر دیا تھا؟

(A) رجب علی بیگ سرور (B) کاظم علی جوان

(C) غلام حسین ضاحک (D) شیخ غلام ہمدانی مصحفی

38. تذکرہ ریختہ گویاں کے مصنف کون تھے؟

(A) میر حسن
(B) مصطفیٰ خاں شیفتہ
(C) فتح علی گردیزی
(D) قائم چاند پوری

39. ماما عظمت کا کردار کس ناول میں ملتا ہے؟

(A) مراۃ العروس
(B) فردوس بریں
(C) امراو جان ادا
(D) لیلیٰ کے خطوط

40. ناول ''گئودان'' میں گوبر کی بیوی کا کیا نام ہے؟

(A) جھنیا
(B) سلیا
(C) دھنیا
(D) پنیا

41. ''مشرقی شعریات اور اردو تنقید کی روایت'' کس کی کتاب ہے؟

(A) ابوالکلام قاسمی
(B) وارث علوی
(C) گوپی چند نارنگ
(D) مرزا حامد بیگ

42. ''بری عورت کی کتھا'' کس کی خودنوشت ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی
(B) کشور ناہید
(C) ادا جعفری
(D) قرۃ العین حیدر

43. ''صلیبیں مرے دریچے میں'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(A) صفیہ اختر
(B) جاں نثار اختر
(C) فیض احمد فیض
(D) مخدوم محی الدین

44. ''سیپارہ دل'' کس کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

(A) فرحت اللہ بیگ
(B) رشید احمد صدیقی
(C) خواجہ حسن نظامی
(D) یوسف ناظم

45. کس اردو اخبار کے مدیر کو انگریزوں نے باغیانہ خیالات پیش کرنے کے الزام میں موت کی سزا دی؟

(A) ظفر علی خان
(B) مولوی محمد باقر
(C) محبوب عالم
(D) مولوی قدیر الدین

46. مندرجہ ذیل شعر مین کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

غضب آنکھیں، ستم ابرو، عجب منہ کی صفائی ہے
خدا نے اپنے ہاتھوں سے تری صورت بنائی ہے

(A) حسن تعلیل
(B) مراعات النظیر
(C) لف ونشر مرتب
(D) مجاز مرسل

47. مندرجہ ذیل شعر میں کس لفظ سے ایہام پیدا کیا گیا ہے؟

آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک　　کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

(A) عمر　　(B) اثر

(C) زلف　　(D) سر

48. سلام بن رزاق کو ان کے کس افسانوی مجموعے پر ساہتیہ اکادمی انعام دیا گیا؟

(A) ننگی دوپہر کا سپاہی　　(B) معبر

(C) شکستہ بتوں کے درمیاں　　(D) زندگی افسانہ نہیں

49. کس نقاد نے اس خیال کو غلط ثابت کیا ہے کہ اردو لشکری زبان ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی　　(B) شوکت سبزواری

(C) محمد حسن　　(D) کمال احمد صدیقی

50. ''دھوپ کی دستک'' کس کا ڈراما ہے؟

(A) شمیم حنفی　　(B) حبیب تنویر

(C) شاہد انور　　(D) ایس ایم اظہر عالم

## (Part - B) حصہ دوم (Descriptive)

**چاروں سوالات کے جواب لکھیے:**　　(4 X 5 = 20 marks)

### (Research Methodology)

1۔ تحقیق وتنقید ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں۔اس خیال کی روشنی میں تحقیق وتنقید کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالیے۔

2۔ مقالے کی تسوید کے دوران کن امور کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

### (Subject Concerned)

3۔ اردو میں مختصر افسانے کے آغاز کے محرکات پر روشنی ڈالیے۔

4۔ اسلوبیاتی تنقید سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔